# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

## M.A.Urdu Semester IV April/May-2026

Paper Title: **Tanz-o-Mizah** Paper Code: **MAUR401DST**

## پرچہ: طنز و مزاح

گھنٹے **3** Hrs : وقت : Time — Maximum. Marks **70 :** جملہ نشانات

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (10) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔
**(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (6) نمبرات مختص ہیں۔
**(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں (5) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (10) نمبرات مختص ہیں۔
**(3 x 10 = 30 Marks)**

---

**سوال : 1**

(i) ذیل میں کس میں پیروڈی اور طرز اسلوب کی نقل سے مزاح تخلیق کیا گیا ہے؟

(a) تضحیک روزگار (b) برق کلیسا (c) حماقتیں (d) غالب جدید شعرا کی مجلس میں

(ii) سودیشی ریل میں مرکزی کردار نے کانپور کا ٹکٹ خریدنے کے لیے کتنی رقم ادا کی؟

(a) ایک روپیہ (b) ایک روپیہ بارہ آنے (c) ایک روپیہ تیرہ آنے (d) ایک روپیہ پندرہ آنے

(iii) مشتاق احمد یوسفی کی پہلی تصنیف کون سی ہے؟

(a) آب گم (b) زرگزشت (c) خاکم بدہن (d) چراغ تلے

(iv) رشید احمد صدیقی کی تحریروں میں کس جگہ کا ذکر بار بار ملتا ہے؟

(a) علی گڑھ (b) دہلی (c) لکھنؤ (d) رام پور

(v) سید احمد شاہ بخاری نے اپنا قلمی نام پطرس بخاری کس سے عقیدت کی بنیاد پر رکھا ہے؟

(a) پسندیدہ مصنف (b) استاد (c) دوست (d) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) مجتبیٰ حسین کا انشائیہ 'غالب کی پریس کانفرنس' میں غالب پریس کانفرنس کیوں کرتے ہیں۔؟

(a) غالب صد سالہ تقاریب کے سلسلے کو ختم کرانے کے لیے (b) سمینار کرانے کے لیے

(c) سمپوزیم کرانے کے لیے (d) دیوان غالب کی اشاعت کے لیے

(vii) طنز و مزاح کا کون سا رسالہ حیدر آباد سے شائع ہوتا ہے۔

(a) قومی زبان (b) سب رس (c) ریختہ نامہ (d) شگوفہ

(viii) علامہ اقبال کی نظم 'شکوہ' کی پیروڈی 'ٹیچرس کا شکوہ' کے عنوان سے کس نے لکھی؟

(a) دلاور فگار (b) ضمیر جعفری (c) طالب خوندمیری (d) راجہ مہدی علی خاں

(ix) برق کلیسا میں اکبر الہ آبادی نے کس پر طنز کیا ہے؟

(a) مغربی تہذیب کی اندھی تقلید کرنے والوں پر (b) مسلمانوں کی دین سے دوری پر

(c) مسلمانوں کے تنزل پر (d) ان سبھی پر

(x) شعر میں خالی جگہ کو پر کیجیے۔

وہ بدنصیب کہ بھیجہ خراب ہو جس کا = تو لوگ کہتے ہیں ڈھیلا ہے۔۔۔۔۔۔ اس کا

(a) دماغ (b) اسکرو (c) وائر (d) تار

## حصہ دوم

2. ضمیر احمد جعفری نے نظم 'آدمی' میں بدلتی انسانی قدروں پر کس طرح طنز کیا ہے۔؟

3. تحریف نگاری (پیروڈی) کی تعریف مع مثالوں کے بیان کیجیے۔

4. 'سودیشی ریل' کے ذریعے شوکت تھانوی نے کیسے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ آزادی کو من مانی سمجھ لیں تو بدنظمی اور افراتفری کا ماحول ہو جائے گا۔

5. پطرس کے مضمون میں واحد متکلم ہاسٹل میں رہ کر پڑھنے کے کون کونسے فوائد بتا کر اپنے والد کو راضی کرنے کی کوشش کرتا ہے؟

6. تضحیک روزگار پر ایک نوٹ لکھیے۔

7. رشید احمد صدیقی نے چارپائی کو ہندوستانیوں کی زندگی کا محور و مرکز کیوں قرار دیا ہے؟

8. کنہیالال کپور نے 'غالب جدید شعرا کی ایک مجلس میں' میں مزاح کی تخلیق کے لیے کون کون سے حربے استعمال کیے ہیں؟

9. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(a) اسکرو (b) ٹیچرس کا شکوہ (c) پی ایچ ڈی (d) برق کلیسا

## حصہ سوم

10. رشید احمد صدیقی کے اسلوب کی نمایاں خصوصیات بیان کیجیے۔

11. پطرس بخاری کو خالص مزاح کا علمبردار کیوں کہا جاتا ہے؟

12. اردو شاعری میں مزاح کی روایت پر اکبر الہ آبادی کے خصوصی حوالے سے گفتگو کیجیے۔

13. مشتاق احمد یوسفی نے طنز و مزاح کی تخلیق کے لیے کون سے اختراعی حربوں کا استعمال کیا ہے؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

14. اردو نثر میں طنز و مزاح کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆